Code No. : 303

**PRE-BOARD EXAMINATION-(FEBRUARY-2018)**

**CLASS: X  Div: ____**  **Subject : URDU (2nd Language)**  **Time: 3 hr.**

**Date…………….**  **MAX. MARKS: 80**

**Name…………………………………**  **Roll No…….**

---

-

## (حصہ-الف)

1 درج ذیل(غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اوراس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

کسی ملک کی خوبی وعمدگی اورقدرومنزلت بہ نسبت وہاں کی حکومت کے عمدہ ہونے کے زیادہ تر اس ملک کی رعایا کے چال چلن، اخلاق و عادات، تہذیب وشائستگی پر منحصر ہے۔ کیونکہ قوم شخصی حالتوں کا مجموعہ ہےاورایک قوم کی تہذیب درحقیقت ان مردعورت اوربچوں کی شخصی ترقی ہے جن سے وہ قوم بنی ہے۔ مستقل اورمضبوط آزادی، سچی عزت۔ اصلی ترقی چال چلن کے عمدہ ہونے پر منحصر ہے۔اوروہی شخصی چال چلن قومی ترقی کا بڑا ضامن ہے۔ایک نہایت عاجزو مسکین غریب آدی جواپنے ساتھیوں کومحنت او پرہیزگاری اورخالص ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہےاس شخص کا اس زمانہ میں آئندہ زمانے میں اس کے ملک ،اس قوم کی بھلائی پر بہت بڑااثر پیداہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اورچال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگراورلوگوں کی زندگی میں آہستہ آہستہ پھیل جاتا ہےاورآئندہ نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(i) کسی ملک کی رعایا کے چال چلن پر کیا پر منحصر ہے؟

(a) اخلاق وعادات

(b) تہذیب وشائستگی

(c) عمدہ حکومت

(d) قدرومنزلت

(ii) کسی قوم کی تہذیب حقیقت میں کیا ہے؟

(a) شخصی حالات

(b) تہذیب وشائستگی

(c) چال چلن

(d) شخصی ترقی

(iii) ایمانداری کی نظیر کون دکھاتا ہے؟

(a) مسکین غریب آدمی

(b) مالدار آدمی

(c) ترقی کرنے والا آدمی

(d) محنتی، پرہیزگار آدمی

(iv) آئندہ زمانے میں کس کا بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے؟

(a) مسکین غریب آدمی

(b) مالدار آدمی

(c) ترقی کرنے والا آدمی

(d) محنتی، پرہیزگار آدمی

(v) لوگوں کی زندگی میں آہستہ آہستہ کیا پھیل جاتا ہے؟

(a) نسل

(b) عمدہ نظیر

(c) چال چلن

(d) بھلائی

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اوراس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

ہے کچھ دھوپ کا عکس کہسار پر
شعاعیں چمکتی ہیں اشجار پر
تری اوس کی دھوپ کھونے لگی
ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی
پرندے زمیں پر اترنے لگے
ہرن کھل کے جنگل میں چرنے لگے
مگر شہر میں یہ نہیں آب و تاب
کہ ہے ٹیلوں کی اوٹ میں آفتاب

(i) کہسار پر کیا ہے؟

(a) کبوتر کا عکس

(b) چڑیوں کا عکس

(c) کسی انسان کا عکس

(d) کچھ دھوپ کا عکس

(ii) دھوپ کی وجہ سے...............

(a) اوس ٹھنڈی پڑنے لگی

(b) ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iii) ہرن کہاں چرنے لگے؟

(a) جنگل میں

(b) شہر میں

(c) باغوں میں

(d) گاؤں میں

(iv) ان اشعار میں شاعر نے کس منظر کو بیان کیا ہے؟

(a) چاند نکلنے کے منظر کو

(b) سورج طلوع ہونے کے منظر کو

(c) سورج غروب ہونے کے منظر کو

(d) ستاروں کے جھلملانے کے منظر کو

(v) شعر مکمل کیجیے:

تری اوس کی دھوپ کھونے لگی

..............................

(a) بلندی پہ کچھ دھوپ آنے لگی

(b) وہ کلسوں پہ سونا چڑھانے لگی

(c) وہ کھیتوں پہ چڑیا بھی آنے لگی

(d) ہوا بھی ذرا گرم ہونے لگی

## (حصہ-ب)

3 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) یومِ جمہوریہ

(ii) انٹرنٹ کے فائدے اور نقصانات

(iii) دیوالی

(iv) کھیلوں کی اہمیت

4 اپنے والد کو خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے بارے میں بتایئے۔ 5

**یا**

ہیلتھ افسر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے میں پھیلی ہوئی گندگی کی طرف توجہ دلایئے۔ اور ان سے کاروائی کرنے کی درخواست کیجیے۔

## (حصہ-ج)

5 "کتابیں آ گئیں" اس جملے پر غور کیجیے اور بتایئے یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟ اس فعل کی تعریف لکھیے۔ 4

6 مندرجہ ذیل جملوں میں سے زمانے کی نشان دہی کیجیے۔ 4

(i) رامو نے کپڑے دھوئے۔

(ii) میرا دوست کل آئے گا۔

(iii) بچے کرکٹ کھیل رہے ہیں۔

(iv) ہم لوگ اسکول میں پڑھتے ہیں۔

7 (i) سابقہ "غیر" جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 3

(ii) لاحقہ "خانہ" جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔

8 نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 3

| | | |
|---|---|---|
| روشنی | خوش | باشعور |
| امیر | جیت | خاص |

9 درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 3

| | | |
|---|---|---|
| خبر | بیگم | اختیارات |
| آلہ | تصویر | خط |

10 نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں سے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔ 3

| | | |
|---|---|---|
| شہزادی | خادم | والد |
| معشوق | معلم | رانی |

11 نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔(کوئی تین) 3

| | | | |
|---|---|---|---|
| عہدہ | مقدار | قصور | فوج |

## (حصہ-د)

12 درج ذیل عبارت کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 7

ناولوں میں بے تکلف دوستوں کی بڑی دلچسپ مثالیں ملتی ہیں۔ تھیکرے ایک کردار کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہ صاحب جس دوست کے پاس ٹھہرتے تھے رخصت ہوتے وقت اس سے ایک قمیض ضرور مستعار لیا کرتے تھے۔ ہمارے ایک دوست اس معاملے میں تھیکرے کے اس کردار سے بازی لے گئے ہیں۔ وہ صرف قمیض پر اکتفا نہیں کرتے۔ ساری پوشاک کا مطالبہ کرتے ہیں۔ عموماً ٹیکسی میں سوار ہو کر ہمارے یہاں تشریف لاتے ہیں اور کمرے میں داخل ہوتے ہی فرماتے ہیں۔"پانچ روپے کا ایک نوٹ نکالیے۔ ڈرائیور کو دفع کر لوں۔ پھر باتیں کریں گے۔" یہ حضرت ہمیشہ ہماری عدم موجودگی میں واپسی کا کام کرتے ہیں اور وداع ہوتے وقت نوکر سے کہہ جاتے ہیں"وہ آئیں تو انھیں کہہ دیجیے گا کہ میں ان کا گرم کوٹ 'خاکی ٹائی اور پتلون ساتھ لے جارہاہوں۔ چند دن استعمال کرکے واپس کر دوں گا۔"

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کون ہیں؟

(a) منشی پریم چند

(b) کنھیالال کپور

(c) سید احتشام حسین

(d) محمد مجیب

(ii) ٹھیکرے کا کردار رخصت ہوتے وقت اپنے دوست سے کیا لیا کرتا تھا؟

(a) کوٹ

(b) قمیض

(c) پتلون

(d) کوٹ 'ٹائی اور پتلون تینوں چیزیں

(iii) مصنف کے دوست ٹیکسی ڈرائیور کو کتنے روپے دینے کو کہتے ہیں؟

(a) سو روپے

(b) پچاس روپے

(c) پانچ روپے

(d) دس روپے

(iv) کوٹ 'پتلون اور ٹائی قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

(a) اسم

(b) ضمیر

(c) فعل

(d) فاعل

(v) مصنف کے دوست ان کی عدم موجودگی میں کیا کام کرتے ہیں؟

(a) مصنف کے پیسے لے جاتے ہیں

(b) ان کی ساری پوشاک لے جاتے ہیں

(c) ان کی گھریلو چیزیں لے جاتے ہیں

(d) کچھ بھی نہیں لے جاتے ہیں

(vi) مصنف کے دوست اور ٹھیکرے کے کردار میں کون سی باتیں ملتی جلتی ہیں؟

(a) ایمان داری

(b) دوستی

(c) تکلف

(d) بے تکلفی

(vii) اکتفا کے کیا معنی ہے؟

(a) کفایت کرنا

(b) عنایت کرنا

(c) وداع کرنا

(d) اکٹھا کرنا

13 اونتی کی حاضر جوابی اور اس کی ذہانت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 6

**یا**

سبق "رضیہ سلطان" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

14 درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(ii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟ وہ رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہوا؟

(iii) پیروں میں پہیئے لگوانے سے بندو کی کیا مراد تھی؟

(iv) سعادت علی کو انگریزوں اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا؟

15 درج ذیل اشعار کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 5

جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں ، جانور غریب کہاں

کہا یہ سُن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا
یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا

جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پرواہ
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا

ہر چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس شعری صنف سے ہے؟

(a) غزل

(b) مرثیہ

(c) قصیدہ

(d) نظم

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(a) بشر نواز

(b) اقبالؔ

(c) ساحرؔ لدھیانوی

(d) غالبؔ

(iii) ان اشعار میں بات چیت کس کے درمیان ہے؟

(a) انسان اور جانور

(b) پہاڑ اور گلہری

(c) زمین اور آسمان

(d) گلہری اور ہاتھی

(iv) کوئی بڑا کوئی چھوٹی یہ کس کی حکمت ہے؟

(a) انسان کی

(b) خدا کی

(c) پہاڑ کی

(d) گلہری کی

(v) لفظ 'حکمت' کے کیا معنی ہیں؟

(a) خرابی

(b) ترکیب

(c) عادت

(d) کوشش

16 نظم "اے شریف انسانو!" کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے اور اسے امنِ عالم کا خون کیوں کہا ہے؟ 6

یا

نضم "نیکی اور بدی" سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیئے۔

17 درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) شاعر نے عقل پر فخر کرنے سے کیوں منع کیا ہے؟

(ii) چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟

(iii) قدم بڑھاؤ دوستو سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) اس شعر کا مفہوم بیان کیجیئے۔

کوئی امید بر نہیں آتی

کوئی صورت نظر نہیں آتی

~~<>~~